# مشکوۃ کی کچھ اہم باتیں

Date

**سوال 1:** بیوع کی لغوی تحقیق نیز بیع کی تعریف اور اقسام تحریر کریں؟

**جواب:** لغوی تحقیق:-

بیوع بیع کی جمع ہے، یہ بیوع سے یا باع سے بنا ہے بمعنی ہاتھ لمبا کرنا کیونکہ بیع میں بائع اور مشتری دونوں ہاتھ بڑھا کر ایک دوسرے کا سامان لیتے ہیں۔

**تعریف:-**

مال کا مال سے تبادلہ کرنا۔

**اقسام:-**

(1) بیع مطلق (2) بیع صرف (3) مقایضہ، سلم، تولیہ، مرابحہ، وضیعہ

**سوال 2:** کتے کی قیمت میں اختلاف آئمہ تحریر کریں؟

**جواب:** شوافع کے نزدیک۔

حرام ہے۔

احناف کے نزدیک:

مثلاً اگر ناپسند ہو۔ احناف کے نزدیک دیوانہ کتے کی قیمت ممنوع ہے

**سوال 3:** نجومی کی اجرت اور زانیہ کی اجرت کے بارے میں موقف لکھیں؟

**جواب:** ان دونوں کی اجرت بالاتفاق حرام ہے کیونکہ یہ کام ہی حرام ہے۔

**سوال 4:** مردار کی چربی کے بارے میں اختلاف آئمہ تحریر کریں؟

**جواب:** شوافع کے نزدیک اس کی تجارت حرام ہے

احناف کے نزدیک:-

مردار کی چربی صابن، چراغ یا چمڑوں میں استعمال حرام ہے۔

**سوال 5:** کتے اور بلی کی بیع کر سکتے ہیں؟

**جواب:** احناف کے نزدیک کتے اور بلی کی بیع جائز ہے مگر نامناسب ہے۔

**سوال 6:** فصد کی اجرت جائز ہے؟

**جواب:** فصد کی اجرت جائز ہے جہاں جہاں ممانعت آئی ہے وہاں کراہت تنزیہی مراد ہے۔ دلیل: کتاب البیوع کی فصل اول کی آخری حدیث۔

**سوال 7:** جو بے خبری میں کوئی چیز کھالے تو قے کرنا ضروری ہے؟

**جواب:** شوافع کے نزدیک:- قے ضروری ہے

احناف کے نزدیک:- ضروری نہیں۔

**سوال 8:** اختیار کی لغوی تحقیق کریں نیز خیار کتنے ہوتے ہیں؟

**جواب:** اختیار یہ خیر سے بنا بمعنی خیر و بھلائی کی طلب و تلاش کرنا۔

شوافع کے نزدیک خیار پانچ ہیں، خیار عقد، خیار رویت، خیار شرط، خیار عیب اور پانچواں یہ خیار مجلس ہے۔ احناف کے نزدیک۔ دلیل سے

باب الخیار کی پہلی حدیث میں لفظ کہ یتفرقا آیا ہے اس سے
مراد کہ مجلس سے جدا نہ ہوئے ہوں۔
احناف کے نزدیک: پہلے چار ہی خیار ہیں
ان کی دلیل کیا ہے: اس سے مراد کلام کی علیحدگی مراد ہے نہ کہ
جسم (یعنی مجلس) کی۔

سوال 9: ربوٰا کی لغوی تحقیق نیز اصطلاحی تعریف لکھیں؟
جواب: ربو، ربوٰ سے بنا ہے بمعنی زیادتی و بڑھ جانا۔
اصطلاحی تعریف:
ربوٰا اس زیادتی کو کہتے ہیں جو عوض سے خالی ہو اور نفس عقد میں مشروط ہو

سوال 10: تر کھجور و خرما کی بیع کے بارے میں اختلاف آئمہ تحریر کریں؟
جواب: شوافع کے نزدیک:
تر کھجور و خرما کی بیع برابر بھی جائز نہیں
دلیل: باب الربوٰ کی دوسری فصل کی تیسری حدیث
احناف کے نزدیک:
ان کی برابر بیع درست ہے

سوال 11: جانور کے عوض گوشت کی بیع درست ہے؟ اختلاف آئمہ لکھیں۔
جواب: شوافع کے نزدیک:
گوشت جانور کے عوض فروخت کرنا مطلقاً ممنوع ہے
دلیل: باب الربوٰ کی فصل ثانی کی چوتھی حدیث۔
امام محمد کے نزدیک:
اگر جانور حلال ہو اور گوشت و جانور ہم جنس ہوں تو گوشت
جانور کے گوشت سے زیادہ ہو تو درست ہے۔
احناف کے نزدیک:
ہمارے یہاں یہ کوئی قید نہیں، جانور کی بیع گوشت کے عوض ہر طرح جائز
ہے اور اس حدیث میں ادھار بیع مراد ہے۔

سوال 12: ممنوع بیوع کتنی اقسام ہیں؟
جواب: چند قسمیں ہیں ① بیع فاسد ② بیع باطل ③ بیع مکروہ
بیع فاسد کرنا منع ہے مگر بعد قبضہ مفید ملک ہے اور بیع باطل بالکل ملک
کا فائدہ نہیں دیتی، اسی طرح بیع مکروہ مطلقاً مفید ملک ہے مگر ایسا
کرنا اچھا نہیں۔

سوال 13: درج ذیل کی تعریفات حدیث کی روشنی میں لکھیں؟
① مزابنہ ② مخابرہ ③ محاقلہ ④ معاومہ ⑤ العرایا
جواب: مزابنہ: یہ ہے کہ اگر کھجور ہو تو اپنے باغ کے پھل خشک کھجور کے عوض
ناپ کے فروخت کرے اگر انگور کا کھیت ہو تو انگور کشمش کے عوض

ساتھ ہی فروخت کرے۔

**محاقلہ:۔** کوئی شخص اپنا کھیت سو فرق گندم کے عوض بیچے

**مخابرہ:۔** زمین کو کرایہ پر دینا تہائی یا چوتھائی پر۔

**معاومہ:۔** کسی باغ کی چند سال کی پیداوار فروخت کی جائے

**عرایہ:۔** عرایہ کی صورت یہ ہے کہ کوئی باغ والا اپنے باغ کا ایک درخت
کسی فقیر کو دے دے کہ تو اس کے پھل کھا لیا کر اب یہ بار بار مالک وہاں
جائے تو اس کے بال بچوں کو تکلیف ہو گی تو مالک اسے کھجوریں اس
درخت میں لگے پھل کے عوض دے کر باغ سے رخصت کر دے۔

**عرایہ کی دوسری تعریف:۔**
درخت میں لگی اگلی کھجوریں معین پیمانے چھوہاروں کے عوض بیچے کہ
اگر زیادہ ہوں تو میری اور اگر کم ہوں تو مالک کی۔
محاقلہ، مخابرہ اور بیع مزابنہ کو امام اعظم منع فرماتے ہیں جبکہ اس حدیث
(باب النھی عنہا من البیوع کی پہلی فصل کی دوسری حدیث) کی وجہ سے جائز رکھتے ہیں

سوال 14: مصراۃ کسے کہتے ہیں نیز اس کے بارے میں اختلاف آئمہ لکھیں؟

جواب: **مصراۃ:۔**
دودھ تھن میں روک دینا، نہ نکالنا اپنے جانور کو کہتے ہیں۔
اس حدیث کے ظاہر پر امام شافعی عمل کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ
وہ دودھ تھوڑا ہو یا زیادہ اس کے عوض ایک صاع چھوہارے ہی دیئے
جاتے ہیں۔
امام اعظم فرماتے ہیں کہ یہ حدیث قابل عمل نہیں کہ قرآن میں اس کے خلاف
۲ جگہ آئی ہے۔

سوال 15: بیع فاسد اور بیع باطل میں فرق لکھیں؟

جواب: بیع فاسد سے بعد قبضہ ملک حاصل ہو جاتی ہے اور بیع باطل
میں کبھی بھی ملکیت حاصل نہیں ہوتی۔
امام شافعی کے نزدیک یہ دونوں ایک ہی بیع ہیں جبکہ ہمارے ہاں
دونوں الگ الگ ہیں۔

سوال 16: ثمر کو ماہ پر چھوڑنے کی اجرت کے بارے میں اختلاف آئمہ لکھیں؟

جواب: جمہور علماء کے نزدیک مکروہ تحریمی ہے جبکہ امام احمد بن حنبل
کے نزدیک بلا کراہت جائز ہے۔

سوال 17: بیع سلم اور رہن کسے کہتے ہیں۔ نیز بیع سلم کا ثبوت لکھیں؟

جواب: **سلم کی لغوی تعریف؟**
سلم کی لغوی معنی تسلیم کرنا، سپرد کرنا۔

**اصطلاحی تعریف:۔**
قیمت فی الحال دی جائے اور چیز ادھار ہو

سلم کا ثبوت:

ترجمہ کنز الایمان: جب تم ایک مقرر مدت تک کسی دین کا لین دین کرو تو اسے لکھ لو۔ 2۔ 282۔

رہن: رہن کا معنی روکنا، قید کرنا۔

اصطلاحی تعریف:

شریعت میں: گروی کو ہی رہن کہتے ہیں۔

سوال 18: بیع سلم کی شرائط نیز شرائط میں اختلاف لکھیں؟

جواب: ① خریدی جانے والی چیز کا وزن معلوم ہو ② پیمانہ معلوم ہو اور شرائط میں اختلاف کہ کم از کم مدت احناف کے نزدیک شرط ہے امام شافعی کے نزدیک نہیں

سوال 19: احتکار کن صورتوں میں جائز اور کن میں ناجائز ہے لکھیں؟

جواب: تنگی کے زمانہ میں جائز نہیں فراخی کی صورت میں جائز ہے۔

سوال 20: افلاس اور انظار کی لغوی تحقیق و معنی لکھیں؟

جواب: افلاس فلس کا مصدر ہے بمعنی پیسہ کا نہ ہونا اور انظار یہ نظر سے بنا ہے بمعنی ڈھیل یا مہلت دینا۔

سوال 21: نماز جنازہ داخل مسجد یعنی مسجد میں پڑھ سکتے ہیں؟

جواب: امام شافعی کے نزدیک:
مسجد کے اندر درست ہے

احناف کے نزدیک:
منع ہے۔ دلیل (باب افلاس و انظار کی نثری حل کی آخری حدیث)

سوال 22: شرکت و وکالت کا معنی نیز ان کی اقسام لکھیں؟

جواب: شرکت کا معنی ساجھی اور وکالت کا معنی دوسرے پر اعتماد کرکے اس سے اپنا کام کروانا۔
شرکت کی بہت ساری اقسام ہیں کچھ یہ ہیں ① شرکت منافع میں ② شرکت اصل چیز میں رہی، شرکت حقوق بدنی میں۔ وغیرہ

سوال 23: اگر کوئی شخص کسی زمین کو زندہ کرے تو اجازت لینا ضروری ہے؟

جواب: شوافع کے نزدیک اجازت کی قید نہیں لہذا ضروری بھی نہیں۔
احناف کے نزدیک ضروری ہے۔ یعنی سلطان کی اجازت ضروری ہے۔

سوال 24: نکاح شغار کسے کہتے ہیں نیز اختلاف ائمہ لکھیں؟

جواب: نکاح کے عوض نکاح کرنا کہ یہ ایک نکاح دوسرے نکاح کا مہر ہو شغار کہلاتا ہے
احناف کے نزدیک: یہ نکاح درست ہے بعض آئمہ کے نزدیک درست نہیں

سوال 25: شفعہ کی لغوی تحقیق و اصطلاحی تعریف لکھیں؟

جواب: شفعہ شفع سے بنا ہے بمعنی جوڑنا، ملانا۔
اصطلاحی تعریف: غیر منقول جائیداد کو کسی شخص نے جتنے میں خریدا اتنے ہی میں اس جائیداد کے مالک ہونے کا حق جو دوسرے شخص کو حاصل ہو جاتا ہے اسے شفعہ کہتے ہیں

(د) Date

سوال: باب الشفعہ فصل اول کی چوتھی حدیث ہے اس میں حکم وجوبی ہے یا استحبابی (عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يمنع جار جاره ان يغرز خشبة في جداره)

جواب: شوافع کے نزدیک یہ حکم وجوبی ہے جبکہ احناف کے نزدیک استحبابی ہے۔

سوال: مساقات اور مزارعة کسے کہتے ہیں نیز اختلاف آئمہ لکھیں؟

جواب: **مساقاۃ:**
کسی سے اپنے باغ کو پانی دلوانا کچھ حصہ پیداوار کے عوض پر مساقات کہلاتا ہے۔

**مزارعۃ:**
کسی کو ٹھیکہ پر زمین دینا کہ میری زمین کاشت تم کرو، پیداوار میں تمہارا اتنا حصہ، مزارعت کہلاتا ہے۔

**صاحبین اور باقی اماموں کے نزدیک:**
یہ دونوں کرنا درست ہے

**امام اعظم کے نزدیک:**
یہ دونوں کرنا ممنوع ہے۔

سوال: اجارہ کی تعریف؟

جواب: نفع کو عوض پر فروخت کرنا اجارہ کہلاتا ہے۔

* قیاس یہ چاہتا ہے کہ اجارہ جائز نہ ہو کہ اس میں معدوم کی فروخت ہو رہی ہے لیکن شریعت نے ضرورت کا لحاظ رکھتے ہوئے جائز قرار دیا ہے۔

سوال: مہر میں مال کے علاوہ کچھ اور دے سکتے ہیں؟

جواب: **شوافع کے نزدیک:**
مال کے علاوہ بھی دے سکتے ہیں، خدمت پر بھی نکاح ہو سکتا ہے

**احناف کے نزدیک:**
مہر میں مال ہی دینا ہوگا۔

سوال: موات اور شرب کسے کہتے ہیں؟

جواب: **موات:**
وہ زمین کہلاتی ہے جو نہ تو کسی کی ملک ہو نہ بستی والوں کی ضرورت کے لئے ہو نہ اس پر کوئی کاشت کرتا ہو۔

**شرب:**
شین کی کسرہ سے، پانی کا حصہ یا پانی کی باری یا پانی دینے کا حق

سوال: عطیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: کسی بڑے کا اپنے چھوٹے کو بغیر عوض کچھ دینا عطیہ کہلاتا ہے

سوال: ہبہ (تحفہ) کی ہوئی چیز واپس لے سکتے ہیں؟

جواب: **شوافع کے نزدیک:**
ہبہ کی ہوئی چیز مطلقاً واپس لینا حرام ہے دلیل "باب" کی فصل اول کی تیسری حدیث


Teacher's Signature

احناف کے نزدیک!

جب تک سات مانع چیزوں میں سے کوئی نہ پائی جائے تب تک واپس لے سکتے اگرچہ بے مروتی اور بد خلقی ہے۔

سوال: لقطہ کی لغوی تحقیق لکھیں؟

جواب: لقطہ اور التقاط پڑی چیز کا اٹھا لینا، لقطہ لام کے پیش قاف کے سکون سے پڑی ہوئی چیز اٹھائی جائے، اور لقطہ لام کی پیش قاف کی فتح سے اٹھانے والے لوگ۔

سوال: جو چیز گم ہو جائے اس کا اعلان کب تک کریں گے؟

جواب: شوافع کے نزدیک ۔ تینوں کا اماموں کے نزدیک

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ ہے کہ لقطہ کا اعلان ایک سال کرے گا۔ ان کی دلیل باب اللقطہ کی پہلی حدیث۔

احناف کے نزدیک امام مالک :- معمولی لقطہ کی اعلان کچھ دن کرے، درمیانی چیز کا ایک سال، اعلیٰ قیمتی چیز کا تین سال تک کرے۔

سوال: فرائض کی لغوی تحقیق کریں؟

جواب: فرائض یہ فریضہ کی جمع ہے جو فرض سے بنا ہے بمعنی قطع و کاٹنا۔ اصطلاح میں میت کے متروکہ مال کے معین حصہ کو فریضہ کہتے ہیں - کیونکہ وہ بھی مال سے کاٹ کر دیا جاتا ہے۔

از قلم:-
بندہ ناچیز نعیم رضا
سادسہ بغدادی
03352053244

نوٹ:
کوئی بھی غلطی ہو تو ضرور مطلع کریں